**فوری ریلیز کے لیے:** 2023/2/3 — ***KATHY HOCHUL گورنر***

**لانگ آئی لینڈ کے رہنماؤں اور منتخب عہدیداروں نے گورنر HOCHUL کے پیچھوگ کے دورے کے بعد نیویارک ہاؤسنگ کمپیکٹ کو اجاگر کرنے کے لئے نیویارک کے ہاؤسنگ بحران پر بات کی**

گورنر Kathy Hochul نے آج مقامی رہنماؤں اور منتخب عہدیداروں کے ساتھ لانگ آئی لینڈ کے سفوک کاؤنٹی میں پیچھوگ کا دورہ کیا تاکہ نیویارک ہاؤسنگ کمپیکٹ کے اہم اجزاء کو اجاگر کیا جا سکے -- جو گورنر کی وہ جامع حکمت عملی ہے جس کا اعلان انہوں نے مالی سال 2024 کے ایگزیکٹو بجٹ میں کیا تھا تاکہ نیویارک کے رہائشی بحران سے نمٹنا جا سکے اور اگلی دہائی کے دوران 800,000 نئے گھروں کی تعمیر کی جا سکے۔ وکلاء نے اس منصوبے کی حمایت میں آواز بلند کی جو نیویارک کو زیادہ قابل رہائش، زیادہ قابل رسائی، اور زیادہ ارزاں بنانے کے لئے گورنر کے تصور کو حقیقت میں بدلنے کے ان کے ارفع تصور پر مبنی ہے۔

**سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Steve Bellone نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ پائیدار اقتصادی ترقی کے لئے پوری طرح تیار ہے جو املاک کی قدر کا تحفظ کرے گا اور ٹیکس میں اضافوں کو روکنے میں مدد کرے گا، جس کے لئے گورنر کا شکریہ کہ انہوں نے ہمارے خطے کے ٹرانسپورٹ اور جدت طرازی کے اثاثوں میں سرمایہ کاری کی۔ اس معاشی خوشحالی کے لئے واحد سب سے بڑا خطرہ رہائشگاہوں کی بحران میں بدلتی کمی ہے اور میں یہ مسئلہ حل کرنے کے لئے قدم بڑھانے پر گورنر Hochul کی ستائش کرتا ہوں۔ گورنر نے ایسا منصوبہ پیش کیا ہے جو مقامی میونسپلٹیوں کو ریاست کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ترغیب دے گا تاکہ ایک ایسے مسئلے کو حل کیا جاسکے جو ہمارے معاشی مستقبل کے لئے بہت اہمیت کا حامل ہے۔"

**پیچھوگ گاؤں کے میئر Paul Pontieri نے کہا،** "رہائشی اخراجات ایک ایسا مسئلہ ہے جو لانگ آئلینڈ کے ہر باسی کو درپیش ہے۔ یہاں پیچھوگ میں، ہم نے لانگ آئی لینڈ کے ہاؤسنگ بحران سے نمٹنے کے لئے متعدد اقدامات کیے ہیں اور مخلوط استعمال والے افرادی قوت کے لئے رہائشگائیں تعمیر کی ہیں ہے تاکہ ہمارے نوجوان بالغان اور عمر رسیدہ بزرگ ہماری یہاں رہ بھی سکیں اور مقامی معیشت میں اپنا حصہ بھی ڈالتے رہیں۔ مجھے گورنر کو یہ دکھانے میں خوشی ہوئی کہ کم جگہ کا عمدہ طریقے سے استعمال اور ڈیزائن کس طرح ساتھ ساتھ چلتے ہیں اور ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لئے ان کی انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں کہ ہماری کمیونٹیز اس تبدیلی کو نافذ کرنے کے لئے ضروری ٹولز کے ذریعے اس رہائشی بحران سے نمٹنے کے قابل بن جائیں۔"

**LIREDC کے شریک چیئر John Nadler نے کہا،** "اس خطے میں سستی رہائشگاہوں کی کمی نے کالج کی اس صلاحیت کو بری طرح متاثر کیا ہے کہ وہ ٹیلنٹ کو ملازمتیں دے بھی اور انہیں ان پر برقرار بھی رکھے۔ رہائشگاہوں کی کمی کا یہ مسئلہ حل کرنا کالج اور لانگ آئلیڈ کے مستقبل کی کامیابیوں کے لئے انتہائی اہم ہے۔"

**LIREDC کی شریک چیئر Linda Armyn نے کہا،** "میں گورنر Hochul کی معترف ہوں کہ انہوں نے ریاست نیویارک کی مسلسل اقتصادی ترقی جاری رکھنے کے لئے مکانات کی دستیابی کو ایک اہم جزو کے طور پر آگے بڑھایا اور اجاگر کیا ہے۔"

**مقامی RWDSU/UFCW 338 کے صدر John Durso نے کہا،** "ہمیں گورنر Kathy Hochul کے اس عزم سے بہت حوصلہ ملا ہے جس کا اظہار انہوں نے کئی نسلوں سے جاری اس رہائشی مسئلے کو حل کرنے کے لئے کیا

ہے۔ ہم اپنے خطے کو درپیش اس اہم مسئلے سے نمٹنے کے لیے لانگ آئی لینڈ پر ان کے ساتھ اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔"

**نساؤ اور سفوک کاؤنٹیوں کی بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن ٹریڈز کونسل کے صدر Matthew Aracich نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ کی رئیل اسٹیٹ مارکیٹ مکمل طور پر غیر متناسب ہے۔ میں اس مسئلے سے نمٹنے کی کوششوں پر گورنر کے موقف کو سراہتا ہوں جس کے ذریعے ہم آگے بڑھ سکیں گے اور دونوں کاؤنٹیوں میں رہائش کی ضروریات کو پورا کرسکیں گے۔"

**لانگ آئی لینڈ ہاؤسنگ سروسز انکارپوریٹڈ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹرIan Wilder نے کہا،** "گورنر Hochul لانگ آئی لینڈ میں رہائش کی کمی کو دور کرنے کے لئے وژن پیش کرنے اور پھر اس حصول کے لئے کھڑے ہونے کے لئے تعریف کی حقدار ہیں - خاص طور پر سستی رہائشگاہوں کی فراہمی کے لئے۔ کسی منصوبہ بندی کے بغیر، لانگ آئی لینڈ - خاص طور پر ہماری معیشت - رہائش کے لئے جگہوں کی کمی کی وجہ سے کھوکھلی ہوتی چلی جائے گی۔ یہاں تک کہ گورنر ہاؤسنگ کمپیکٹ کی تفصیلات کے مخالفین بھی اس بات سے متفق کہ ہم ایک بحران کی زد میں ہیں۔ تاہم، اتنا عرصہ گزرنے کے باوجود وہ مخالفین ایک متبادل روڈ میپ فراہم کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم ہاؤسنگ کمپیکٹ کو ایک شاندار رہائشی تصور اور لانگ آئی لینڈ کے لئے ممد و معاون ایک ٹول باکس گردانتے ہیں اور اس کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ معاملات بیان بازی سے آگے بڑھ کر کسی حل تک پہنچ سکیں۔"

**Housing Help Inc., کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Pilar Moya-Mancera نے کہا،** "ہاؤسنگ کمپیکٹ منصوبہ نوجوان بالغ افراد، بزرگ شہریوں، معذور افراد، محنت کش طبقے اور ضروری خدمات فراہم کرنے والے کارکنوں کی رہائشی ضروریات کو پورا کرنے کا ایک بہترین موقع ہے، جو ہماری معیشت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ معاملہ طویل عرصے سے زیر التوا ہے کہ ہم لانگ آئی لینڈ کمیونٹی کے حال اور مستقبل کی کامیابیوں میں سرمایہ کاری شروع کریں۔ مزید برآں، ہاؤسنگ کمپیکٹ پلان لانگ آئی لینڈ پر نسلی تفریق کو ختم کرنے کی خاطر ایک نئے دور کا آغاز کرنے کا ایک شاندار موقع ہے۔ یہ اخلاقی طور پر ایک ناقابل قبول امر ہے کہ ہم سنہ 2023 میں ایک ایسے خطے میں رہتے ہیں جہاں سے آپ کا زپ کوڈ آپ کی متوقع عمر، تعلیمی معیار، صحت، اور معیارِ زندگی کا تعین کرتا ہے۔"

**لانگ آئی لینڈ کی کمیونٹی ڈیولپمنٹ کارپوریشن کے صدر اور سی ای او Gwen O'Shea نے کہا،** "ہم گورنر کو وہ رکاوٹوں دور کرنے کی انکی کوششوں پر سراہتے ہیں جن کی وجہ سے اتنے بہت سے لوگوں کے لئے گھریلو اور معاشی مواقع بند پڑے ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ ان اصلاحات سے مزید مطلوبہ نتائج حاصل ہوسکتے ہیں، جیسا کہ صف اول والی برادریوں کو نوازنا (مثلاً ہیمپسٹیڈ اور پیچہوگ کے گاؤں) اور ماحولیاتی تحفظ اور بنیادی ڈھانچے کی صلاحیت سے متعلق ان کے مخصوص خدشات کو دور کرنے کے لئے مقامی حکومتوں کو بڑھتی ہوئی مالی اعانت دینے کے ساتھ ساتھ ترقی کے اہداف حاصل کرنے میں انکی حوصلہ افزائی بھی کرنا۔"

**لانگ آئی لینڈ کی ہیلتھ اینڈ ویلفیئر کاؤنسل کی سی ای او Rebecca Sanin نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ میں قابل حصول اور سستی رہائش کی کمی روزگار کے مسابقتی مواقع، عوامی صحت، تحفظ، اور نوجوان پیشہ ور افراد کی نوکریاں برقرار رکھنے کے عمل پر اثر انداز ہوتی ہے جو پڑھتے تو ہمارے اسکولوں میں ہیں لیکن انہیں اپنی برادریوں میں یہیں رہتے ہوئے کام کرنے کے لئے اخراجاتِ زندگی میں کفایت شعاری کی ضرورت پڑتی ہے۔ لگ آئی لینڈ پر محفوظ، ارزاں رہائشگاہوں کی کمی ایک اہم معاشی اور سماجی مسئلہ ہے جو ایک خطے کے طور پر ہماری ترقی کی کوششوں کو مسدود کر رہا ہے، خاندانی فلاح و بہبود کی راہ میں رکاوٹ بن رہا ہے، اور امریکہ کے اس اولین مضافاتی علاقے کو سرمایہ کاری اور جدت طرازی کی منزل بننے سے روک رہا ہے۔ یہاں وسائل، بنیادی ڈھانچے اور ترغیبات کے امتزاج کی اشد ضرورت ہے تاکہ انفرادی برادریاں اپنی ضروریات اور صلاحیتوں کو پورا کرنے کے لئے اپنی منصوبہ بندی مؤثر طریقے سے کر سکیں اور آنے والی نسلوں کے لئے لانگ آئی لینڈ پر رہنے، کام کرنے اور اپنے خاندانوں کی پرورش کے لئے پرکشش برادریاں بن سکیں۔"

**ہنٹنگٹن ٹاؤن شپ ہاؤسنگ کے صدر Hunter Gross نے کہا،** "مجھے گورنر Hochul کے NYS ہاؤسنگ کمپیکٹ کی حمایت کرنے پر فخر ہے۔ ہم متوسط طبقے کے خاندانوں، نوجوان پیشہ ور افراد اور تمام نسلوں سے تعلق رکھنے والے عمر رسیدہ رہائشیوں کو ہاؤسنگ مارکیٹ سے باہر نہیں رکھ سکتے۔ یہ منصوبہ محدود زوننگ کا تدارک

کرے گا، جبکہ مقامی افراد اور تنظیموں کے ساتھ کام کرتے ہوئے یہ فیصلہ کرے گا کہ ان کی برادری کے لئے کون سی رہائش موزوں اور بامعنی ہوگی۔ یہ لانگ آئلیڈ کی معیشت کے لئے واقعی ایک ایسی بات ہے جس سے کوئی اختلاف نہیں کیا جا سکتا۔"

**لانگ آئی لینڈ بلڈرز انسٹی ٹیوٹ Mike Florio نے کہا،** "گورنر نے بالکل درست طور پر احساس کیا کہ جوں کا توں رہنے سے وہ رہائشی بحران حل نہیں ہوگا جو ہم سب جانتے ہیں کہ موجود ہے۔ وسائل اور ترغیبات فراہم کرکے اور ہر کمیونٹی کی منفرد ضروریات کو سمجھنے کے لئے مل کر کام کرکے، ہم ایک تبدیلی لانے والا ایسا منصوبہ تیار کرسکتے ہیں جو لانگ آئی لینڈرز کی اس وقت موجود اور آنے والی نسلوں دونوں کو فائدہ پہنچائے۔"

**اسٹیٹ پروگرامز فار ریجنل پلان ایسوسی ایشن کی نائب صدر Melissa Kaplan-Macey نے کہا،** "RPA کو گورنر Hochul کی نیویارک ہاؤسنگ کمپیکٹ تجویز کی حمایت کرنے پر فخر ہے۔ اگرچہ کوئی واحد حکمت ایسی جادوئی چھڑی نہیں ہے جو ہماری ریاست میں رہائش کی ضروریات کو پورا کر دے، تاہم ایک بات بہت واضح ہے - اپنے ہاؤسنگ چیلنج کو پورا کرنے کے لئے ہمیں مزید گھروں کی تعمیر کی اجازت دینی چاہئے۔ ہمیں ہاؤسنگ سپلائی کے مسئلے کو حل کرنے کے لئے تمام حکومتی سطحوں پر مل کر کام کرنا ہوگا - اپنے موجودہ ہاؤسنگ بحران کو حل کرنے اور مستقبل کی ترقی کا حصول، دونوں امور کے لئے۔"

**لانگ آئی لینڈ کمیونٹی فاؤنڈیشن کی سینئر پروگرام آفیسر Sol Marie Alfonso-Jones نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ زبردست اثاثوں کا حامل ایک متحرک و جاندار خطہ ہے۔ لیکن ہم اپنی رہائشی ضروریات پوری کرنے میں پیچھے رہ گئے ہیں۔ معیاری سستی رہائشگاہوں کا فقدان ہمارے رہائشیوں، کارکنوں اور کاروباری مالکان کے معیارِ زندگی میں بنیادی رکاوٹ بنا ہوا ہے۔ ہم آگے کی سوچ رکھنے والے میونسپل رہنماؤں کے شکر گزار ہیں جنہوں نے ہماری متنوع آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے جدید رہائشی منصوبوں کا تصور تخلیق کیا۔ ہم گورنر Hochul کے اس عزم کو سراہتے ہیں کہ وہ تمام لانگ آئی لینڈ میونسپلٹیز کو ایسے جامع گھروں کی تعمیر میں مدد فراہم کریں گی جو یہ امر یقینی بنائیں گے کہ ہمارا خطہ ایک خوبصورت متحرک جگہ کے طور پر باقی رہے جہاں ہر شخص اچھے معیارِ زندگی سے لطف اندوز ہو سکے۔"

**HIA-LI کی صدر اور CEO، لانگ آئی لینڈ کی سب سے نمایاں کاروباری وکالت تنظیموں میں سے ایک اور ہاؤپوج میں لانگ آئی لینڈ انوویشن پارک کی نگراں، Terri Alessi-Miceli نے کہا،** "HIA-LI کو خوشی ہے کہ گورنر Hochul کو مکمل ادراک اور احساس ہے کہ لانگ آئی لینڈ کی معیشت کے مستقبل کا انحصار توسیع شدہ رہائشگاہوں کی دستیابی پر ہے - خاص طور پر نوجوان پیشہ ور افراد کو یہاں کے دو کاؤنٹیوں والے خطے میں رہنے اور کام کرنے میں مدد دینے کے لئے۔ نیویارک ہاؤسنگ کمپیکٹ ایک نیا نقطہ نظر ہے جو مقامی اصلاحی سوچ کو شامل کرتے ہوئے ہماری کمیونٹیز کی مضافاتی حیثیت قائم رکھنے میں مدد دے سکتا ہے۔"

**.Minority Millennials, Inc کے بانی اور صدر Dan Lloyd نے کہا،** "Minority Millennials گورنر Hochul کے ہاؤسنگ کمپیکٹ وژن کی دل سے حمایت کرتا ہے جو ہمارے خطے کے فوری رہائشی بحران کو جرات مندانہ انداز میں حل کرے گا اور اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کام کرے گا کہ لانگ آئی لینڈ کی آئندہ نسلوں کو لانگ آئی لینڈ میں اپنے خاندانوں کے ساتھ رہنے بسنے کا موقع بھی ملے اور اسکے ساتھ ساتھ وہ اپنے 'امریکی خواب' کے حصول کی کوششیں بھی کر سکیں۔ ہم معترف ہیں کہ یہ منصوبہ مقامی حکومتوں کو ایسے حلوں کا انتخاب کرنے کا اختیار دے رہا ہے جو ان کی کمیونٹیز کے لئے ریاست کی جانب سے مالی اعانت، منصوبہ بندی، اور انتظامی مدد دینے والی سوچ کے ساتھ تیار کیے گئے ہیں۔ یہ مقامی قائدین کے لئے ایک بہت پرانے مسئلے کے نئے حل پر کام کرنے کا ایک منفرد موقع ہے: یعنی ہاؤسنگ۔"

**ایسٹ اینڈ YIMBY کے مائیکل ڈیلی نے کہا،** "والدین، ضروری خدمات فراہم کرنے والا کارکنان، نوجوان پیشہ ور افراد، کاروباری مالکان، بزرگ شہریو، اور کمیونٹی رہنما اس بات پر متفق ہیں کہ سستی رہائش پیدا کرنے کے لئے ہمارا قدیم ماڈل ہماری برادریوں کی ضروریات پوری کرنے میں ناکام ہو چکا ہے۔ ہمیں ایک بالکل نئے لائحہ عمل کی ضرورت ہے۔ اگرچہ بہتری کی گنجائش تو موجود ہے، لیکن نیویارک ہاؤسنگ کمپیکٹ کے اہداف بہت معقول ہیں اور آزمودہ اور ٹیسٹ شدہ ٹولز کی ایک ایسی سیریز پیش کر رہے ہیں جو پورے امریکہ کے شہروں اور قصبوں میں کامیاب ثابت ہوئے ہیں۔ یہ ترغیبات ہر میونسپلٹی کو اپنی رہائشی ضروریات کو ان طریقوں سے پورا کرنے کی اجازت

دیتے ہوئے انکی حوصلہ افزائی کریں گی جو ان کے مقامی رہائشیوں اور کاروباری اداروں کو فائدہ پہنچانے والے ہوں۔ ہم NY Housing Compact کی بھرپور حمایت کرتے ہیں۔ ہم یہ دیکھنے کے لئے پرجوش ہیں کہ اگلے تین سال ہماری پیاری کمیونٹیوں کے لئے کیا لائیں گے، اور ہمیں یقین ہے کہ یہ منصوبہ لانگ آئی لینڈ کے تمام باسیوں کے لئے ایک روشن مستقبل کی تعمیر میں مدد دے گا۔"

**EAC Network کی صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر Neela Mukherjee Lockel نے کہا،** " EAC Network ہاؤسنگ بحران کی سنگینی کو تسلیم کرنے اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے اقدامات کرنے پر گورنر Hochul کا معترف ہے۔ ہم اس مسئلے کی سنگینی کو تسلیم کرتے ہیں، خاص طور پر یہاں لانگ آئی لینڈ میں، اور یہ دیکھ کر خوش ہیں کہ یہ گورنر کی اولین ترجیح ہے۔"

**ERASE Racism کی صدر Laura Harding نے کہا،** "نیویارک کے رہائشی بحران سے نمٹنے کے لئے گورنر Kathy Hochul کی پوری ریاست پر محیط حکمت عملی لانگ آئی لینڈ اور پورے نیویارک میں سستی رہائش کے بنیادی چیلنج سے نمٹنے کی جانب ایک جرات مندانہ پہلا قدم ہے۔ یہ ایسے حل تجویز کر رہا ہے جو رہائش کے اختیارات میں اضافہ کرکے تمام لانگ آئی لینڈرز کو فائدہ پہنچائیں گے۔ یہ ہماری سب سے زیادہ ضرورت مند اور لاچار کمیونٹیز کی ضروریات کو پورا کر رہا ہے اور لانگ آئی لینڈ کی حیثیت کے مرکز میں موجود سب سے زیادہ نظر انداز شدہ زوننگ کا مسئلہ حل کر رہا ہے جس کی بناء پر یہ خطہ ملک کے 10 سب سے زیادہ نسلی طور پر الگ تھلگ علاقوں میں سے ایک ہے۔"

**لانگ آئی لینڈ افریقی امریکن چیمبر آف کامرس، انکارپوریٹڈ کے صدرPhil Andrews نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ پر سستی رہائش کا حصول لانگ آئی لینڈ کے سب سے اہم مسائل میں سے ایک ہے۔ ہمیں اس مسئلے کو فوری طور پر حل کرنا ہوگا کیونکہ یہ مسئلہ لانگ آئی لینڈ پر با صلاحیت اور ہنرمند افراد کو رفتہ رفتہ باہر بھیج دے گا اور خطے کی معیشت پر منفی اثرات مرتب کرے گا۔"

**رینٹر اور پیچھوگ کے رہائشی Tracy Todd Hunter نے کہا،** "لانگ آئی لینڈ میں سستی رہائش ایک ہنگامی اور فوری ضرورت ہے۔ ہمارے نوجوان، بزرگ افراد، گھرانوں کی پرورش کرنے والے واحد سربراہان، بزرگ فوجیوں، اور معذور افراد کو ارزاں رہائشگاہوں کی اشد ضرورت ہے۔ فی الوقت گریجویٹ ہونے والے کالجوں کے طلباء جو لانگ آئی لینڈ کی افرادی قوت میں شامل ہونے کے لئے تیار ہیں وہ رہائش کے مہنگے اخراجات کی وجہ سے جو ان کی تنخواہوں سے مطابقت نہیں رکھتے ہیں نہ کوئی اپارٹمنٹ کرایے پر لے سکتے ہیں اور نہ ہی اپنے گھر کے مالک ہیں۔ ان کے پاس تو اپنی مرضی سے رہنے کے لئے تقریباً کچھ بھی اختیار نہیں۔ یا تو وہ اپنے والدین کے ساتھ گھر میں رہتے ہیں، روم میٹ تلاش کرتے ہیں، یا کئی نوکریاں کرتے ہیں تاکہ اپنے سر پر کوئی چھت قائم رکھنے کے لئے کافی رقم کما سکیں۔ حال ہی میں ریٹائر ہونے والے بزرگ شہریوں کو بھی بہت سوچ بچار کرنی پڑتی ہے۔ کئی بزرگ افراد کو تو 70 سال کی عمر میں بھی کام کرنا پڑتا ہے کیونکہ ان کے پاس کوئی اور حل ہے ہی نہیں، اور وہ اپنے اس آبائی گھر کو فروخت کرکے اپنی آزادی کو ختم نہیں کرنا چاہتے، وہ گھر جو انکے لئے خاندانی اجتماعات کی جگہ ہے اور جس کے ساتھ ان کی جذباتی، پرانی یادیں وابستہ ہیں۔ ان میں سے بعض افراد کو کسی بچے/رشتہ دار کے گھر منتقل ہونا پڑتا ہے یا کسی ایسی ریاست ہجرت کرنی پڑتی ہے جہاں رہائش سستی ہو اور جہاں انہیں پال کو ادائیگی کرنے کے لئے پیٹر کو ادائیگی نہ کرنے کے بارے میں فکر مند ہونے کے بجائے اپنی عمر کے ان سنہری برسوں سے لطف اندوز ہونے کا موقع ملے۔ کسی بزرگ شہری کو کبھی بھی خود کو غیر محفوظ محسوس نہیں کرنا چاہئے اور ایسے ذہنی دباؤ میں مبتلا نہیں ہونا چاہئے کہ آیا وہ اپنی پوری زندگی کام کرنے کے بعد اپنے سر پر چھت قائم رکھ سکیں گے یا نہیں۔"

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں